کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید خان درانی نے نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف آف پبلک ایڈمنسٹریشن (NIPA) کوئٹہ میں 47ویں مڈ کیریئر مینجمنٹ کورس (MCMC) کی اختتامی تقریب میں خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ سرکاری افسران ریاستی نظام کے اہم ستون ہیں، ان کی پیشہ ورانہ تربیت، انتظامی صلاحیتوں میں اضافہ اور جدید طرز حکمرانی سے آگاہی بہتر عوامی خدمت اور موثر گورننس کے لیے ناگزیر ہے۔ انہوں نے کہا کہ تربیتی ادارے افسران کی قائدانہ اور فیصلہ سازی کی صلاحیتوں کو مزید بہتر بنانے میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں۔ اس موقع پر ڈی جی نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف پبلک ایڈمنسٹریشن ڈاکٹر علی رضا شاہ نے ادارے کے کردار، تربیتی پروگرامز اور افسران کی پیشہ ورانہ استعداد میں اضافے کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔

## عوامی مسائل کے حل کے لیے اقدامات کیے جائیں گے، علی مدد جتک

**عوامی خدمت پاکستان پیپلز پارٹی کی سیاست کا بنیادی محور ہے، کھلی کچہری سے خطاب**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما و صوبائی وزیر حاجی علی مدد جتک نے اپنی رہائش گاہ پر کھلی کچہری کا انعقاد کیا جہاں حلقہ انتخاب سے تعلق رکھنے والے مختلف علاقوں کے عوام نے بڑی تعداد میں شرکت کی اور اپنے مسائل، مشکلات اور شکایات سے صوبائی وزیر کو آگاہ کیا اس موقع پر صوبائی وزیر حاجی علی مدد جتک نے عوامی وفود اور شہریوں کے مسائل سنے اور متعلقہ محکموں و حکام کو عوامی شکایات کے فوری ازالے اور مسائل کے حل کے لیے ضروری اقدامات کرنے کی ہدایات جاری کیں صوبائی وزیر نے یقین دلایا کہ عوام کو درپیش مسائل کے حل کے لیے اقدامات کیے جائیں گے عوامی خدمت پاکستان پیپلز پارٹی کی سیاست کا بنیادی محور ہے کھلی کچہری کا مقصد عوام کو ان کی دہلیز پر مسائل کے اظہار کا موقع فراہم کرنا اور متعلقہ حکام کے ذریعے ان کے حل کو یقینی بنانا ہے صوبائی وزیر نے کہا کہ عوامی مسائل کے حل میں کسی قسم کی غفلت یا تاخیر برداشت نہیں کی جائے گی۔



## عوامی سہولیات، تحفظ اور مساوی ترقی اولین ترجیح ہے، فیصل جمالی

**اوستہ محمد، گنداخہ میں کروڑوں روپے کے ترقیاتی منصوبوں پر کام شروع کر دیا گیا**

**صحت، تعلیم، پانی، گیس اور سڑکوں کی فراہمی کیلئے عملی اقدامات کا سلسلہ جاری ہے، گفتگو**

اوستہ محمد (یو این اے) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما و صوبائی وزیر لائیو سٹاک سردار زادہ فیصل خان جمالی نے کہا ہے کہ بلوچستانی عوام کو زندگی کی بنیادی سہولیات و تحفظ حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے بلوچستان کے تمام دور دراز علاقوں کی ترقی و خوشحالی کے لیے برابری کی بنیاد پر فنڈز کی فراہمی کو یقینی بنایا گیا ہے خوشحال عوام ترقی یافتہ بلوچستان پیپلز پارٹی کا ویژن ہے ان خیالات کا اظہار صوبائی وزیر لائیو سٹاک سردار زادہ فیصل خان جمالی نے معروف سیاسی و سماجی رہنما محمد حنیف بلوچ سے ملاقات کے موقع پر یو این اے سے بات چیت کرتے ہوئے کہا انہوں نے کہا کہ اقتدار ہماری منزل ہرگز نہیں عوام کی بے لوث خدمت ہمارا ویژن ہے حلقہ انتخاب کو ترقی کی راہ پر گامزن کرنے کے لیے سب کو ساتھ لے کر چلیں گے انہوں نے مزید کہا کہ عوام کو صحت تعلیم پینے کا صاف پانی گیس اور بلیک ٹاپ سڑکوں کی فراہمی کے لیے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کیے جا رہے ہیں اوستا محمد و تحصیل گنداخہ کو ترقی کی راہ پر مزید گامزن کرنے کے لیے کروڑوں روپے کی خطیر فنڈز جاری کر کے ترقیاتی عمل کا آغاز کر دیا گیا ہے جس سے عوام مستفید ہوں گے اور علاقہ ترقی کی منزلیں طے کرے گی صوبائی وزیر لائیو سٹاک سردار زادہ فیصل خان جمالی نے کہا کہ پیپلز پارٹی شہدا کی پارٹی ہے پیپلز پارٹی نے ہمیشہ اقتدار میں آکر عوام کی فلاح و بہبود اور روزگار کے مواقع فراہم کی ہے معروف سیاسی و سماجی رہنما محمد حنیف بلوچ نے صوبائی وزیر سردار زادہ فیصل خان جمالی کو علاقے کے امن و امان اور عوام کو درپیش مسائل سے تفصیلات سے آگاہ کی صوبائی وزیر سردار زادہ فیصل خان جمالی نے کہا کہ عوام کی جان و مال کی تحفظ ریاست کی ذمہ داری ہے حکومتی رٹ چیلنج کرنے والوں سے آہنی ہاتھوں سے نپٹا جائے گا

# بہتر مواصلاتی نظام بلوچستان کی پائیدار ترقی کیلئے ناگزیر ہے، سلیم کھوسہ

**صوبے میں سڑکوں کے بنیادی ڈھانچے کی بہتری کیلئے ترقیاتی عمل کے معیار پر سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا، وزیر مواصلات**

**ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل یقینی بنانے کے لیے متعلقہ افیسران اپنی ذمہ داریاں ادا کریں، کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی**

کوئٹہ (اے این این) وزیر مواصلات و تعمیرات بلوچستان میر سلیم کھوسہ نے کہا ہے کہ صوبے میں سڑکوں کے بنیادی ڈھانچے کی بہتری، رابطہ سڑکوں کی تعمیر و بحالی اور عوام کو بہتر سفری سہولیات کی فراہمی حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے۔ محکمہ مواصلات و تعمیرات کے زیر انتظام جاری ترقیاتی منصوبوں کی بروقت اور معیاری تکمیل کو یقینی بنانے کے لیے تمام ممکنہ اقدامات کیے جا رہے ہیں یہ بات انہوں نے مختلف وفود سے بات چیت کرتے ہوئے کہی انہوں نے کہا کہ بلوچستان ایک وسیع و عریض صوبہ ہے جہاں دور دراز علاقوں کو مرکزی شاہراہوں اور ضلعی مراکز سے منسلک کرنے کے لیے بہتر مواصلاتی نظام ناگزیر ہے۔ سڑکیں نہ صرف عوام کو آمد و رفت کی سہولت فراہم کرتی ہیں بلکہ تجارت، زراعت، صنعت اور دیگر معاشی سرگرمیوں کے فروغ میں بھی بنیادی کردار ادا کرتی ہیں۔ میر سلیم کھوسہ نے کہا کہ ترقیاتی منصوبوں میں معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ برداشت نہیں کیا جائے گا، متعلقہ افسران اور تعمیراتی ادارے منصوبوں کی نگرانی موثر انداز میں یقینی بنائیں تاکہ سرکاری وسائل کا درست استعمال ہو اور عوام کو دیرپا سہولیات میسر آئیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت عوامی ضروریات اور زمینی حقائق کو مدنظر رکھتے ہوئے ترقیاتی منصوبوں کی ترجیحات کا تعین کر رہی ہے۔ صوبے کے مختلف اضلاع میں سڑکوں کی تعمیر و مرمت اور بحالی کے کاموں پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے تاکہ شہریوں کو محفوظ اور بہتر سفری سہولیات فراہم کی جا سکیں۔ وزیر مواصلات و تعمیرات نے مزید کہا کہ محکمہ میں موجود مسائل کے حل، منصوبوں کی موثر نگرانی اور عوامی شکایات کے ازالے کے لیے بھی اقدامات جاری ہیں۔ عوامی مفاد کے منصوبوں میں غفلت یا غیر ضروری تاخیر کو برداشت نہیں کیا جائے گا جبکہ متعلقہ افسران کو اپنی ذمہ داریاں پوری کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ میر سلیم کھوسہ نے کہا کہ بلوچستان کی پائیدار ترقی کے لیے مضبوط مواصلاتی نظام بنیادی اہمیت رکھتا ہے اور حکومت صوبے کے تمام اضلاع میں یکساں ترقی کے اصول کے تحت عوام کو بہتر سہولیات کی فراہمی کے لیے اپنی کوششیں جاری رکھے گی۔


CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

ظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

2

Bullet No.

Dated: 02 OCT 2026 Page No.

بلوچستان ہائیکورٹ

# محکمۂ تعلیم سے یونیزوایسوسی ایشنز کے نام پر غیر مجاز قابضین کی رپورٹ طلب

**ڈائریکٹوریٹ آف ایجوکیشن (اسکولز) میں یونینز اور ایسوسی ایشنز کے نام پر موجود تمام غیر مجاز قابضین کو بے دخل کر دیا گیا ہے، ایڈووکیٹ جنرل**

کوئٹہ (خ ن) چیف جسٹس بلوچستان ہائیکورٹ کی سربراہی میں دو رکنی بنچ نے محکمہ تعلیم بلوچستان کو متعلقہ دفاتر اور تعلیمی اداروں میں یونینز و ایسوسی ایشنز کے نام پر موجود غیر مجاز قابضین سے متعلق جامع رپورٹ پیش کرنے کا حکم دے دیا۔ بلوچستان ہائی کورٹ کے چیف جسٹس جناب جسٹس محمد کامران خان ملاخیل اور جناب جسٹس نجم الدین مینگل پر مشتمل دو رکنی بینچ نے عمران الحسینی بنام سیکریٹری تعلیم (اسکولز) بلوچستان و دیگر سے متعلق توہین عدالت کی درخواست کی سماعت کی۔ سماعت کے دوران ایڈیشنل ایڈووکیٹ جنرل بلوچستان ظہور احمد بلوچ نے عدالت کو بتایا کہ ڈائریکٹوریٹ آف ایجوکیشن (اسکولز) کوئٹہ میں یونینز اور ایسوسی ایشنز کے نام پر موجود تمام غیر مجاز قابضین کو بے دخل کر دیا گیا ہے اور اس وقت کوئی غیر مجاز شخص مذکورہ عمارت کے احاطے میں قابض نہیں۔ درخواست گزار کے وکیل نے سرکاری موقف سے اختلاف کرتے ہوئے عدالت سے مطالبہ کیا کہ اس حوالے سے رپورٹ کے ساتھ تصویری ثبوت بھی پیش کیے جائیں، جس پر عدالت نے دونوں فریقین کو یکساں نوعیت کی رپورٹس جمع کرانے کی ہدایت کر دی۔ معزز عدالت نے ڈائریکٹر اسکولز ایجوکیشن بلوچستان کو سیکریٹری تعلیم (اسکولز) کی براہ راست نگرانی میں بلوچستان بھر کے تمام ضلعی تعلیمی دفاتر اور تعلیمی اداروں میں یونینز و ایسوسی ایشنز کے نام پر موجود تمام غیر مجاز قابضین کے بارے میں جامع رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت کی ہے۔ معزز عدالت نے مزید قرار دیا کہ اگر عدالتی حکم پر عملدرآمد کے دوران کسی غیر ضروری یا بلا جواز مزاحمت کا سامنا ہو تو متعلقہ ڈپٹی کمشنر سے رابطہ کیا جائے، جو عدالتی حکم پر عملدرآمد کے لیے ہر قسم کی ضروری معاونت فراہم کرنے کا پابند ہوگا۔ معزز عدالت نے حکم نامہ کی کاپی اطلاع اور تعمیل کے لیے ایڈیشنل اے جی جنرل آفس بھجوانے کی بھی تاکید کی اور کیس کی آئندہ سماعت 3 نومبر 2026 کو مقرر کردی۔

## شہریوں کی شکایات کو ترجیحی بنیادوں پر نمٹایا جائے، چیف سیکرٹری

**شکایات کے اندراج، کارروائی اور حتمی حل کا موثر ریکارڈ مرتب کیا جائے تاکہ عوام کو فوری اور شفاف ریلیف مل سکے، اجلاس**

کوئٹہ (خ ن) چیف سیکرٹری نے ہدایت کی ہے کہ شہریوں کی شکایات کو ترجیحی بنیادوں پر نمٹایا جائے اور شکایات کے اندراج، کارروائی اور حتمی حل کا موثر ریکارڈ مرتب کیا جائے تاکہ عوام کو سرکاری اداروں سے فوری اور شفاف ریلیف مل سکے۔ عوامی خدمت میں تاخیر نہ ہو۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے صوبائی انتظامی سیکرٹریز کے اجلاس میں کیا۔ اجلاس میں صوبائی حکومت کے انتظامی، مالی، ترقیاتی اور عوامی خدمت سے متعلق امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں سینئر ممبر بورڈ آف ریونیو، چیئرمین پی اینڈ ڈی، ایڈیشنل چیف سیکرٹری ترقیات و منصوبہ بندی، سیکرٹری خزانہ سمیت انتظامی سیکرٹریز نے شرکت کی۔ اجلاس کے آغاز میں مختلف محکموں کی جانب سے دی گئی ہدایات کی پیش رفت اور حکومتی فیصلوں پر عملدرآمد کی صورتحال کا جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر چیف سیکرٹری نے ہدایت کی کہ سرکاری احکامات پر بروقت اور موثر عملدرآمد ہی بہتر حکمرانی کی بنیادی علامت ہے، اس لیے تمام محکمے اپنی کارکردگی، اہداف اور نتائج سے متعلق قابل تصدیق پیش رفت یقینی بنائیں۔ اجلاس میں عوامی شکایات کے ازالے کے نظام کا بھی جائزہ لیا گیا۔

## اینٹی کرپشن نے محکمہ کھیل میں بدعنوانی کی تحقیقات کا آغاز کردیا

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) اینٹی کرپشن اسٹیبلشمنٹ بلوچستان نے محکمہ اسپورٹس اینڈ یوتھ افیئرز میں مبینہ مالی بدعنوانی، فنڈز میں خیانت اور غیر قانونی استعمال پر باقاعدہ تحقیقات کا آغاز کر دیا ہے۔ اینٹی کرپشن اسٹیبلشمنٹ ڈائریکٹوریٹ کے مراسلے کے مطابق 2024ء سے 2026ء کے دوران کھیلوں کے مختلف ایونٹ کے لیے مختص تقریباً دو اعشاریہ پندرہ ارب روپے کے فنڈز میں غیر قانونی اقدامات اور خرد برد کی شکایت پر انکوائری جاری ہے۔ محکمے سے یونٹس کی فہرست، انتظامی و مالیاتی منظوریوں، بجٹ تخصیص اور جاری کرنے کے احکامات سمیت تمام متعلقہ ریکارڈ فراہم کرنے کا کہا گیا ہے۔

## منصوبوں کی تکمیل سے شہریوں کو آمدورفت کی بہتر سہولیات میسر آئیں گی، عبدالخالق اچکزئی

**اسپیکر بلوچستان اسمبلی کا چمن شہر میں تین بلیک ٹاپ روڈ منصوبوں کا دورہ، باقاعدہ افتتاح کردیا گیا**

چمن (خ ن) اسپیکر بلوچستان اسمبلی کیپٹن (ر) عبدالخالق اچکزئی اور ڈپٹی کمشنر چمن حبیب احمد بنگلزئی نے چمن شہر کے مختلف علاقوں میں مکمل ہونے والے تین مختلف بلیک ٹاپ روڈ منصوبوں کا دورہ کیا اور ان کا باقاعدہ افتتاح کیا۔ اس موقع پر اسپیکر بلوچستان اسمبلی کیپٹن (ر) عبدالخالق اچکزئی نے Construction of Road Near ANF-1, District Chaman (BSDI Phase-II) سمیت چین چوک روڈ اور عیسیٰ خان گراؤنڈ روڈ کے مکمل ہونے والے ترقیاتی منصوبوں کا معائنہ کیا۔ ان منصوبوں کی تکمیل سے شہریوں کو آمدورفت کی بہتر سہولیات میسر آئیں گی اور شہر کے مختلف علاقوں کے درمیان رابطہ مزید بہتر ہوگا۔ Construction of Road Near ANF-L, District Chaman (BSDI Phase-II) منصوبہ تقریباً 14.85 ملین روپے کی لاگت سے مکمل کیا گیا ہے، جبکہ چین چوک روڈ اور عیسیٰ خان گراؤنڈ روڈ کی بلیک ٹاپنگ بھی مکمل کر دی گئی ہے۔ افتتاحی تقریب کے موقع پر اسپیکر بلوچستان اسمبلی نے منصوبوں کی پردہ کشائی کی اور چمن کی ترقی، خوشحالی، امن و استحکام اور ملک کی سلامتی کے لیے خصوصی دعا بھی کی۔ اس موقع پر چمن کے عوام، متعلقہ ٹھیکیداران اور ضلعی انتظامیہ کے افسران بھی موجود تھے۔ اسپیکر عبدالخالق اچکزئی نے کہا کہ چمن میں بنیادی ڈھانچے کی بہتری، سڑکوں کی تعمیر و بحالی اور شہریوں کو بہتر سہولیات کی فراہمی حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے۔ ترقیاتی منصوبوں کی بروقت اور معیاری تکمیل سے علاقے میں آمدورفت کی سہولیات بہتر ہوں گی۔

## قائمہ کمیٹی محکمہ آبپاشی کا اجلاس، واٹر ریسورسز مینجمنٹ بل 2026ء پر تفصیلی غور

**اجلاس میں زمین اور پانی کے انتظام سے متعلق اداروں کی تنظیم نو، پانی کے وسائل کیلئے مربوط نظام تشکیل دینے پر زور**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) بلوچستان اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے محکمہ آبپاشی کا اجلاس صوبائی اسمبلی کمیٹی روم میں ہوا جس میں میر محمد صادق عمرانی، پرنس احمد عمر احمد زئی، محمد اصغر رند، نور محمد دمڑ اور لیاقت علی لہڑی نے شرکت کی۔ کمیٹی کے مستقل چیئرمین کی عدم موجودگی کے باعث ارکان کی رضامندی سے پرنس احمد عمر احمد زئی کو اجلاس کا صدر نشین نامزد کیا گیا۔ اجلاس میں سیکرٹری بلوچستان اسمبلی طاہر شاہ کاکڑ، سیکرٹری محکمہ آبپاشی سہیل الرحمن بلوچ، ایڈیشنل سیکرٹری قانون سعید اقبال، ڈپٹی سیکرٹری قانون احسان برکت اور وسیم احمد نے بھی شرکت کی۔ اجلاس میں بلوچستان واٹر ریسورسز مینجمنٹ بل 2026ء پر تفصیلی غور کیا گیا۔ بل کا بنیادی مقصد صوبے میں آبی وسائل کے موثر، مربوط اور پائیدار انتظام کے لیے قانونی فریم ورک وضع کرنا ہے۔ اجلاس میں بل کے تحت زمین اور پانی کے انتظام سے متعلق اداروں کی تنظیم نو کے ذریعے ان کی استعداد اور کارکردگی کو بہتر بنانے، پانی کے وسائل کے موجودہ اور مستقبل کے چیلنجز سے نمٹنے کے لیے مربوط نظام تشکیل دینے اور بلوچستان واٹر پالیسی کے مطابق ادارہ جاتی اصلاحات کو آگے بڑھانے پر زور دیا گیا ہے۔ بل میں موسمیاتی تبدیلی کے منفی اثرات، بالخصوص سیلاب اور خشک سالی کے خطرات سے نمٹنے، آبی گزرگاہوں اور کیچمنٹ ایریاز کے تحفظ اور پانی کے استعمال میں کفایت شعاری پر مبنی اقدامات کو فروغ دینے کی بھی گنجائش رکھی گئی ہے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

مت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 02 OCT 2026 Page No.

# مقررہ وزن سے کم روٹی فروخت کرنے پر 10 تندور مالکان گرفتار

**اسسٹنٹ کمشنر بروری کی نگرانی میں قمرانی روڈ اور ہزارگنجی کے مختلف علاقوں میں تندوروں کی چیکنگ کی گئی**

**تندور مالکان مقررہ معیار اور وزن کی پابندی کریں، بصورت دیگر قانون کے مطابق کارروائی کی جائے گی**

**شہریوں کو مقررہ وزن اور مقررہ نرخ کے مطابق روٹی کی فراہمی انتظامیہ کی ترجیحات میں شامل ہے، کاشف امر**

کوئٹہ (آن لائن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ ویسٹ منیر احمد درانی کی ہدایت پر ضلعی انتظامیہ کی جانب سے شہر میں مقررہ وزن کے مطابق روٹی کی فروخت یقینی بنانے اور عوام کو مقررہ وزن میں روٹی کی فراہمی کے لیے کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے۔ اس سلسلے میں اسسٹنٹ کمشنر بروری کاشف امر کی نگرانی میں قمرانی روڈ اور ہزارگنجی کے مختلف علاقوں میں تندوروں کی چیکنگ کی گئی۔ کارروائی کے دوران تندوروں پر فروخت ہونے والی روٹی کا وزن چیک کیا گیا، جس کے دوران متعدد تندوروں پر مقررہ وزن سے کم روٹی فروخت کیے جانے کی خلاف ورزی سامنے آئی۔ انتظامیہ نے کارروائی کرتے ہوئے مقررہ وزن سے کم روٹی فروخت کرنے پر 10 تندور مالکان و متعلقہ افراد کو گرفتار کر لیا، جبکہ تندور مالکان کو واضح ہدایات جاری کی گئیں کہ عوام کو مقررہ وزن کے مطابق روٹی کی فراہمی ہر صورت یقینی بنائی جائے۔ اسسٹنٹ کمشنر بروری کاشف امر نے کہا کہ شہریوں کو مقررہ وزن اور مقررہ نرخ کے مطابق روٹی کی فراہمی انتظامیہ کی ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے تندور مالکان کو ہدایت کی کہ وہ مقررہ معیار اور وزن کی پابندی کریں، بصورت دیگر خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف قانون کے مطابق سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ ضلعی انتظامیہ نے واضح کیا کہ عوام کو ریلیف فراہم کرنے اور اشیائے ضروریہ کے مقررہ نرخ و معیار پر عملدرآمد یقینی بنانے کے لیے چیکنگ کا سلسلہ مزید موثر انداز میں جاری رکھا جائے گا۔

## قلعہ سیف اللہ اور لورالائی میں نئی جیلوں کی تعمیر مکمل

**دونوں جیلیں جلد محکمہ جیل کے حوالے کردی جائیں گی**

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کے ضلع قلعہ سیف اللہ اور لورالائی میں دو نئی جیلوں کی تعمیر مکمل ہوگئی، دونوں جیلیں عنقریب محکمہ جیل کے حوالے کردی جائیں ...... بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 پر

گی نئی جیلوں کی تعمیر سے صوبے میں گنجائش سے زائد قیدی رکھنے والی چار جیلوں میں گنجائش پیدا ہوسکے گی۔ محکمہ جیل کے حکام کے مطابق بلوچستان کے ضلع قلعہ سیف اللہ میں نئی تعمیر ہونے والی ڈسٹرکٹ جیل میں ڈھائی سو سے تین سو قیدیوں کی گنجائش ہے۔ اس جیل میں مسلم باغ، قلعہ سیف اللہ کے علاقوں کے قیدی رکھے جائیں گے

# بلوچستان میں تعینات وفاقی ملازمین کے بچوں کیلئے وظیفہ فارم جاری

**سرکاری اسکول، کالج اور یونیورسٹی جانے والے بچوں کے لئے وظیفہ فارم جاری کرنے کا اعلان کردیا ہے**

**فارم اسٹاف ویلفیئر آرگنائزیشن ریجنل آفس سی جی ایس کالونی سے دفتری اوقات میں حاصل کیے جاسکتے ہیں**

**وفاقی ملازمین گریڈ 1 تا 22 کے زیر تعلیم بچے حقدار ہونگے، ریٹائرڈ اور مرحوم ملازمین کے بچے بھی اہل ہونگے**

کوئٹہ (اے این این) اسٹاف ویلفیئر آرگنائزیشن اسٹیبلشمنٹ ڈویژن حکومت پاکستان کوئٹہ نے بلوچستان میں تعینات وفاقی ملازمین کے سرکاری اسکول، کالج اور یونیورسٹی جانے والے بچوں کے لئے وظیفہ فارم جاری کرنے کا اعلان کردیا ہے۔ مذکورہ فارم اسٹاف ویلفیئر آرگنائزیشن ریجنل آفس سی جی ایس کالونی سیٹلائٹ ٹاؤن کوئٹہ سے دفتری اوقات میں حاصل کیے جاسکتے ہیں۔ وفاقی ملازمین گریڈ 1 تا 22 کے بچے جو سرکاری اسکول، کالج، یونیورسٹی میں زیر تعلیم ہوں حقدار ہونگے۔ ریٹائرڈ اور مرحوم ملازمین کے بچے بھی اہل ہونگے۔ فارم جمع کرانے کی آخری تاریخ 31 اکتوبر 2026ء ہے۔ وفاقی ملازمین کے بیس سال سے کم عمر بچے جنہوں نے تعلیمی سال 26-2025ء کے دوران قرآن مجید حفظ کیا ہو اور بورڈ/یونیورسٹی/ایسوسی ایٹ ڈگری کے امتحانات میں 80 فیصد یا اس سے زائد نمبر حاصل کیے ہوں انہیں بھی کیش ایوارڈ دیا جائے گا۔ مزید معلومات کیلئے محمد ایاز اسٹاف ویلفیئر آفیسر فون نمبر 081-9211166 پر رابطہ کیا جاسکتا ہے

## کوئٹہ انتظامیہ کی کارروائی، عوامی گزرگاہوں پر قائم 70 تجاوزات ختم

**تجاوزات میں استعمال سامان ضبط، میٹروپولیٹن کارپوریشن کی کارروائی میں 4 افراد گرفتار**

**شہر کو تجاوزات سے پاک رکھنے کیلئے آپریشنز کا سلسلہ جاری رہے گا، افسران کا عزم**

کوئٹہ (آن لائن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی کے صاف کوئٹہ وژن کے مطابق ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی اور ایڈمنسٹریٹر کوئٹہ بشیر احمد بڑیچ کی ہدایات پر کوئٹہ شہر کو تجاوزات سے پاک اور منظم بنانے کیلئے فاطمہ جناح روڈ، بادام گلی اور چوہڑمل روڈ پر غیر قانونی تجاوزات کے خلاف کارروائی کی گئی۔ اسسٹنٹ کمشنر سٹی محمد حمزہ، اسپیشل مجسٹریٹ عمران زیب کاسی، اعجاز حسین کھوسہ، مجسٹریٹ سٹی، مجسٹریٹ ایم سی کیو اور اینٹی انکروچمنٹ آفیسر میٹروپولیٹن ...... بقیہ 47 صفحہ نمبر 7 پر

کارپوریشن کوئٹہ نے کارروائی میں حصہ لیا۔ آپریشن کے دوران سڑکوں، فٹ پاتھوں اور عوامی گزرگاہوں پر قائم 70 سے زائد غیر قانونی تجاوزات ختم کردی گئیں، جبکہ تجاوزات میں استعمال ہونے والا سامان ضبط اور میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ کی جانب سے 4 افراد کو گرفتار کر لیا گیا۔ انتظامیہ کی جانب سے متعلقہ دکانداروں اور تجاوزات قائم کرنے والوں کو پہلے ہی نوٹسز جاری کیے گئے تھے، تاہم مقررہ مدت میں تجاوزات ختم نہ کرنے پر قانونی کارروائی عمل میں لائی گئی۔ ضلعی انتظامیہ نے واضح کیا ہے کہ شہر کی اہم شاہراہوں، بازاروں اور فٹ پاتھوں کو تجاوزات سے پاک رکھنے کیلئے آپریشنز کا سلسلہ جاری رہے گا اور سرکاری اراضی سمیت عوامی گزرگاہوں پر غیر قانونی قبضے کسی صورت برداشت نہیں کیے جائیں گے۔

INTEKHAB QUETTA

## وامی کی جان ومال کا تحفظ، قربانی سے دریغ نہیں کرینگے، ڈی آئی جی کوئٹہ

**س اور شہریوں میں بہتر و مضبوط روابط کا قیام ضروری ہے، عمران شوکت کی شیعہ کانفرنس کے وفد سے گفتگو**

کوئٹہ (آن لائن) ڈپٹی انسپکٹر جنرل آف پولیس ران شوکت نے کہا ہے کہ پولیس اور عوام کے درمیان ضبوط، مثبت اور بہتر تعلقات یقینی بنا کر عوام کی جان و ں کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لئے پولیس کسی قربانی سے یغ نہیں کرے گی، یہ بات انہوں نے بلوچستان شیعہ کانفرنس کے صدر عاشق حسین اور دیگر عمائدین کی جانب سے دیئے گئے عصرانہ کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان پولیس نے ہمیشہ عوام کی جان و مال کے تحفظ اور مسائل کے حل کیلئے دستیاب وسائل کو بروئے بقیہ نمبر 5 صفحہ 5 پر

کار لاتے ہوئے اقدامات اٹھائے اور پولیس کی ذمہ داری ہے کہ عوام کو تحفظ فراہم کرتے ہوئے ان کے مسائل حل کرے۔ پولیس اور شہریوں میں بہتر اور مضبوط روابط کا قیام انتہائی ضروری ہے اور دونوں نے مل کر شہر کو امن کا گہوارہ بنانا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہزارہ کمیونٹی نے ہمیشہ بلوچستان شیعہ کانفرنس اور دیگر فورم کے ذریعے اپنے مسائل کے حل پولیس اور انتظامیہ کے ساتھ بہتر روابط رکھتے ہوئے اقدامات اٹھائے ہیں جو قابل تحسین اقدام ہے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 3

Dated: 0 2 OCT 2026 Page No. 16


## بدامنی کے واقعات نے پورے وطن کو لہولہان کر دیا، پشتونخوا نیپ

پشتونخوا نیپ ایک جمہوری، آئینی اور نظریاتی سیاسی جماعت ہے، ہماری جدوجہد انقلابی سیاسی نظریے پر مبنی ہے: عبدالقادر آغا ایڈووکیٹ

ملک میں اقتدار اور وسائل کی غیر منصفانہ تقسیم نے محکوم اقوام کو سیاسی، معاشی اور قومی حقوق سے محروم رکھا ہے، عبدالقادر ایڈووکیٹ

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے مرکزی سینئر سیکرٹری سید عبدالقادر آغا ایڈووکیٹ، صوبائی صدر نصراللہ خان زیرے اور صوبائی آفس سیکرٹری نذا سگر نے کہا ہے کہ مضبوط، منظم اور منظم سیاسی جماعت ہی قومی اہداف کے حصول میں موثر کردار ادا کر سکتی ہے۔ پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی اپنے نظریات، آئین اور منشور کی پابند رہتے ہوئے پشتونخوا وطن کی ملی وحدت، حقیقی اختیار، خودمختاری پشتونخوا وطن ......... بقیہ 66 صفحہ نمبر 7 پر

سے دہشت گردی کے خاتمے، ملک میں محکوم اقوام کے قومی حقوق کے حصول، حقیقی جمہوریت کی بحالی اور فارم 47 کے ذریعے قائم کی گئی مسلط حکومت کے خلاف اپنی سیاسی و جمہوری جدوجہد جاری رکھے گی ان خیالات کا اظہار انہوں نے پشتونخوا نیپ ضلع کوئٹہ کی ماہانہ ضلع کمیٹی کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا

## رخشان، مکران اور جھالاوان میں ادویات کی فراہمی متاثر ہے

مولانا ہدایت الرحمن

مسلح تنظیمیں یہ گاڑیاں لوٹ رہی ہیں تو سوال یہ ہے کہ آخر کیوں؟ یہ ادویات کسی سرمایہ دار یا بااثر شخص کی نہیں

کی ادویات لوٹنا کسی صورت جائز نہیں برے غلط ناجائز عوام دشمن اقدامات کی کسی صورت حمایت نہیں کی جا سکتی

کوئٹہ سے غریب مریضوں کیلئے ادویات کی گاڑیاں روانہ ہوتی ہیں مگر راستے میں انہیں لوٹ لیا جاتا ہے، رکن اسمبلی

کوئٹہ (آن لائن) امیر جماعت اسلامی بلوچستان و رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمن بلوچ نے کہا ہے کہ گزشتہ تین ماہ سے رخشان، مکران اور جھالاوان ڈویژن کے ہسپتالوں میں ادویات کی فراہمی کا سلسلہ متاثر ہے کوئٹہ سے غریب مریضوں کے لیے ادویات کی گاڑیاں روانہ ہوتی ہیں مگر راستے میں انہیں لوٹ لیا جاتا ہے۔ غریب عوام کی علاج کی ادویات لوٹنا ناقابل قبول اور قابل مذمت ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگر مسلح تنظیمیں یہ گاڑیاں لوٹ رہی ہیں تو سوال یہ ہے کہ آخر کیوں؟ یہ ادویات کسی سرمایہ دار یا بااثر شخص کی نہیں بلکہ بلوچستان کے غریب عوام کے علاج کے لیے ہیں۔ اپنے ہی غریب اور کمزور عوام کی ادویات لوٹنا ان کے حق پر ڈاکا ہے۔ سرمایہ دار اور صاحب حیثیت لوگ اپنا علاج ......... بقیہ 58 صفحہ نمبر 7 پر

ملک کے بڑے شہروں یا بیرون ملک کرا سکتے ہیں، مگر غریب عوام کے لیے سرکاری ہسپتال اور وہاں دستیاب ادویات ہی آخری سہارا ہیں۔ بلوچستان کے عوام کو پہلے علاج کی صحیح مناسب سہولیات میسر نہیں۔ جو صحت کے ادارے موجود ہیں ان کو فعال کرنے کی ضرورت ہے

Century Express Quetta

## صوبے کے حقوق اور مستقبل کیلئے متحد ہونا ہوگا، لشکری رئیسانی

سیاسی نوراکشتی کے ذریعے عوام کو دھوکہ دینے والوں کا محاسبہ ناگزیر ہو چکا ہے

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) سینئر سیاستدان سابق سینیٹر نوابزادہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی نے کہا ہے کہ بلوچستان آئینی، جمہوری اور پرامن جدوجہد کا تقاضہ کر رہا ہے، ہم سب مل کر اپنے قومی مستقبل کا دفاع اور ان عناصر کا احتساب کریں جنہوں نے بلوچستان میں سیاسی نوراکشتی کے ذریعے عوام کو دھوکہ دیا اور ان کے حقوق اور مفادات کو نقصان پہنچایا ہے۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر ایک ٹویٹ میں نوابزادہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی نے کہا ہے کہ اب وقت ہے کہ ہم ذاتی اور جماعتی مفادات سے بالاتر ہو کر بلوچستان کے عوام کے اجتماعی حقوق، وسائل، اختیارات اور آنے والی نسلوں کے مستقبل کے لیے متحد ہوں، بلوچستان کا مستقبل خاموشی نہیں، بلکہ آئینی، جمہوری اور پرامن جدوجہد کا تقاضا کرتا ہے۔

## KPK میں گورنر راج کے نفاذ کی کوششیں قابل مذمت، بی این پی

ملک میں واحد عوامی حکومت کے وزیر اعلیٰ کو سیکورٹی رسک قرار دینا درست نہیں

لانگ مارچ کی حمایت کرتے ہیں، بلوچستان میں کہیں بھی حکومتی رٹ نہیں، ساجد ترین

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی سینئر نائب صدر ساجد ترین ایڈووکیٹ نے صوبہ خیبر پختونخوا میں پی ٹی آئی کی حکومت ختم اور گورنر راج کے نفاذ کی کوششوں کی مذمت اور پانچ اکتوبر کے لانگ مارچ کی حمایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ بلوچستان میں کہیں بھی حکومت کی رٹ نہیں، باغات کو کاٹ کر لوگوں کو بے روزگار اور نان شبینہ کا محتاج بنایا جا رہا ہے، یہ بات انہوں نے گزشتہ روز کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہی، اس موقع پر پارٹی کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات سابق وفاقی وزیر آغا حسن بلوچ ایڈووکیٹ، موسیٰ جان بلوچ، بگری شفقت لانگو، شکیلہ نوید دہوار، احمد نواز بلوچ، میر عبدالوحید لہڑی، میر مقبول لہڑی، شائلہ اسماعیل، (باقی صفحہ 5 نمبر 30)

صمند بلوچ و دیگر موجود تھے۔ ساجد ترین ایڈووکیٹ نے کہا کہ 2024ء کے انتخابات کے بعد صوبہ خیبر پختونخوا کے علاوہ دیگر صوبوں میں متنازعہ اسمبلیاں بنیں، خیبر پختونخوا کی واحد اسمبلی وزیر اعلیٰ اور حکومت عوامی نمائندوں کے ذریعے معرض وجود میں آئی 4 کروڑ عوام کی منتخب خیبر پختونخوا کی حکومت اور وزیر اعلیٰ کو سیکورٹی رسک قرار دیا جا رہا جو درست نہیں انہوں نے کہا کہ سردار عطاءاللہ مینگل کی منتخب حکومت کو بھی 8 ماہ سے زیادہ چلنے نہیں دیا گیا تھا، خیبر پختونخوا حکومت کے خلاف کسی اقدام کی بھی مخالفت کرتے ہیں تحریک انصاف احتجاج کا جو بھی فیصلہ کرتی ہے اس کی حمایت کریں گے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 4

Dated: 02 OCT 2026

Page No. 17

# آپریشن ردالفتنہ تھری: قلات میں 4 دہشت گرد ہلاک، متعدد زخمی

دہشت گردوں کی لاشیں، اسلحہ قبضے میں لے لیا

دہشت گردوں کی موجودگی کی اطلاع پر کارروائی عمل میں لائی گئی، سیکورٹی فورسز کا دہشتگردوں کیخلاف کارروائیاں جاری رکھنے کا عزم

کوئٹہ (آن لائن) سیکورٹی فورسز کے عملے نے آپریشن ردالفتنہ تھری کے تحت انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کے دوران قلات میں کارروائی کرتے ہوئے 4 دہشت گردوں ہلاک اور متعدد کو زخمی کر دیا اور نعشیں، اسلحہ، ایمونیشن اور دیگر سامان قبضے میں لے لیا۔ سیکورٹی ذرائع کے مطابق گزشتہ روز سیکورٹی فورسز کے عملے نے انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کے دوران دہشت گردوں کی موجودگی کی اطلاع پر آپریشن ردالفتنہ تھری کے تحت کارروائی کرتے ہوئے 4 دہشت گردوں کو ہلاک اور متعدد کو زخمی کر کے ہلاک ہونے والے دہشت گردوں کی نعشیں اور اسلحہ وایمونیشن قبضے میں لے لیا۔ سیکورٹی فورسز کی جانب سے دہشت گردوں کے خلاف یہ کارروائیاں تواتر کے ساتھ جاری رہیں گی۔

## سوئی کشمور شاہراہ سے ڈیرہ بگٹی کا ہندو تاجر اغوا

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) سوئی پولیس تھانے کی حدود سوئی کشمور شاہراہ پر مسلح افراد نے ڈیرہ بگٹی کے تاجر ریوت کمار کو اغواء کر لیا واقعہ کے بعد پولیس نے علاقے کی ناکہ بندی کر کے تاجر کی بازیابی کیلئے اقدامات شروع کر دیئے ہیں۔

## اوستہ محمد، 40 سالہ شخص کو بس سے اتار کر گولی ماردی گئی

اوستہ محمد (نامہ نگار) زورگڑھ پولیس تھانے کی حدود میں نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ 40 سالہ شخص جاں بحق، افسوسناک واقعہ پرانی دشمنی کا شاخسانہ بتایا جارہا ہے پولیس کے مطابق آج صبح کراچی سے آنے والی مسافر کوچ میں سوار 40 سالہ اللہ ڈنہ پلال کو بس سے اتار کر قتل کر دیا اور مسلح افراد فائرنگ کرتے ہوئے فرار ہوگئے۔ پولیس کے مطابق واقعہ پرانی دشمنی کا شاخسانہ بتایا جارہا ہے۔ پولیس نے مقتول کی لاش ضروری قانونی کارروائی کے لیے اسپتال منتقل کر دی ہے۔

## بوستان تھانے پر دہشتگردوں کا حملہ ناکام، کوسٹل ہائی وے پر پولیس ناکہ جلا دیا گیا

بوستان میں پولیس اہلکاروں نے جرات و بہادری کا مظاہرہ کرتے ہوئے حملہ آوروں کو بھاگنے پر مجبور کر دیا، بابر یوسفزئی

مکران کوسٹل ہائی وے پر واقع ساوڑ پولیس ناکے کو جلانے کا واقعہ دوپہر کو پیش آیا، حملہ آور پولیس اہلکاروں کا اسلحہ بھی لے گئے

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) بوستان تھانے پر مسلح افراد کا حملہ پولیس کے جوانوں نے بہادری اور جرات سے مقابلہ کرتے ہوئے ناکام بنا دیا تاہم حملہ آور موقع سے فرار ہو گئے۔ ایک اور کارروائی میں مکران کوسٹل ہائی وے پر واقع ساوڑ پولیس ناکے کو نامعلوم مسلح افراد نے آگ لگا دی۔ معاون برائے داخلہ سیکورٹی بابر یوسفزئی نے بوستان پولیس اسٹیشن کو جلائے جانے یا تباہ کیے جانے کی خبروں کو بے بنیاد قرار دیا ہے۔ ذرائع کے مطابق گزشتہ روز مسلح افراد نے بوستان تھانے پر حملے کی کوشش کی تاہم جوانوں نے بہادری اور جرات کا مظاہرہ کرتے ہوئے حملے کو ناکام بنا دیا تاہم حملہ آور فرار ہو گئے۔ انہوں نے کہا کہ پولیس اہلکار بہادری سے ڈٹے رہے۔ ان کی مؤثر مزاحمت کے باعث تھانہ بوستان کی مرکزی عمارت محفوظ رہی۔ حملے کے دوران دو گاڑیوں کو آگ لگائی گئی، انہوں نے کہا کہ بلوچستان پولیس دہشت گردی کے خلاف ثابت قدم ہے، عوام کے جان و مال کے تحفظ پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ دریں اثناء مکران کوسٹل ہائی وے پر واقع ساوڑ پولیس ناکے کو نامعلوم مسلح افراد نے نذر آتش کر دیا۔ واقعہ گزشتہ روز دوپہر کو پیش آیا جب چار موٹر سائیکلوں پر سوار مسلح افراد ناکے پر اچانک حملہ آور ہوئے اور کمروں کو آگ لگا دی۔ پولیس ذرائع کے مطابق مسلح افراد پولیس اہلکاروں کے موبائل فون بھی اپنے ساتھ لے گئے۔ اطلاع ملنے پر سیکورٹی فورسز جائے وقوعہ پر پہنچی اور ملزمان کی تلاش شروع کر دی۔

## حاجی شہر کی حدود میں ڈاکوؤں نے قومی شاہراہ پر مسافروں کو لوٹ لیا

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈاکوؤں نے قومی شاہراہ پر متعدد گاڑیوں کے مسافروں کو لوٹ لیا پولیس کے مطابق بی جیکب آباد قومی شاہراہ پولیس تھانہ حاجی شہر کی دشتی نادر کے مقام پر درجنوں ڈاکوؤں نے دن گیارہ بجے کے قریب ناکہ لگا کر لوٹ مار شروع کر دی ڈاکو ویگنوں، کوچز گاڑیوں مزدا ٹرک اور گڈز ڈرائیوروں سے نقدی، موبائل فون اور دیگر قیمتی سامان چھین کر آسانی کے ساتھ فرار ہوگئے واقعہ کیخلاف مسافروں اور ٹرانسپورٹرز نے احتجاجاً قومی شاہراہ بلاک کر دی جس سے ٹریفک معطل ہوگئی بعدازاں پولیس حکام نے کامیاب مذاکرات کے بعد ٹریفک بحال کر دی۔

## گوادر میں پولیس چیک پوسٹ پر حملہ، اسلحہ اور سامان نذر آتش

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) گوادر کے علاقے جیونی میں مسلح افراد نے پولیس چیک پوسٹ پر حملہ کر کے اہلکاروں کو یرغمال بنا لیا سیکورٹی ذرائع کے مطابق مسلح افراد نے چیک پوسٹ سے پولیس کا اسلحہ اور دیگر سامان چھیننے کے بعد نذر آتش کر دیا اطلاع ملنے پر سیکورٹی فورسز اور پولیس کی بھاری نفری نے موقع پر پہنچ کر سرچ آپریشن شروع کر دیا ہے۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 5

Dated: 02 OCT 2026 Page No. 18


## گیس کی لوڈشیڈنگ، کم پریشر نے شہریوں کی مشکلات میں اضافہ کردیا

مقررہ اوقات میں بھی گیس کا پریشر نہ ہونے کے برابر ہے، صارفین کو روزمرہ امور میں شدید دشواری کا سامنا ہے، کاشف حیدری

سردی کی شدت میں اضافہ ہوتے ہی گھروں میں گیس کا استعمال بڑھ جاتا ہے، کم پریشر سے مشکلات میں اضافہ ہورہا ہے، محمد مہدی

گیس کی عدم دستیابی کے باعث عوام کو مہنگے متبادل ایندھن کا استعمال کرنا پڑتا ہے، جس سے اخراجات بڑھ جاتے ہیں، عزت اللہ کاظمی

مسئلے کا مستقل حل نہ نکالا گیا تو احتجاج کریںگے، ناصر علی حیدری، نادر امانی، حفیظ اللہ نظری، زیشان علی، حاجی عبدالحئی الیاس ہزارہ کا مشترکہ بیان

کوئٹہ (این این آئی) مرکزی تنظیم تاجران بلوچستان کے ترجمان کاشف حیدری، ہزارہ ٹاؤن کے تاجر رہنماء واحد ہادی، محمد مہدی، عزت اللہ کاظمی، ناصر علی حیدری، نادر امانی، حفیظ اللہ نظری، زیشان علی، حاجی عبدالحئی اور ممبر سپریم کونسل الیاس ہزارہ ودیگر نے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ سردی کی آمد کے ساتھ ہی کوئٹہ میں گیس کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ اور شدید کم پریشر نے شہریوں کی مشکلات میں مزید اضافہ کردیا ہے، جبکہ مقررہ اوقات میں بھی گیس کا پریشر نہ ہونے کے برابر ہے جس کے باعث گھریلو صارفین کو کھانا پکانے سمیت روزمرہ امور میں شدید دشواری کا سامنا ہے رہنماؤں نے کہا کہ کوئٹہ میں موسم سرما کے دوران گیس شہریوں کی بنیادی ضرورت بن جاتی ہے اور سردی کی شدت میں اضافہ ہوتے ہی گھروں میں گیس کا استعمال بھی بڑھ جاتا ہے، تاہم اس کے برعکس گیس کی فراہمی محدود کرنے اور کم پریشر کے باعث شہریوں کی مشکلات میں اضافہ ہورہا ہے۔ گیس کی عدم دستیابی کے باعث عوام کو مہنگے متبادل ایندھن کا استعمال کرنا پڑتا ہے، جس سے گھریلو اخراجات بھی بڑھ رہے ہیں۔ تاجر رہنماؤں نے خبردار کیا کہ اگر متعلقہ اداروں نے ہنگامی بنیادوں پر گیس لوڈشیڈنگ اور کم پریشر کے دیرینہ مسئلے کا مستقل حل نہ نکالا تو تاجر برادری عوام کو ساتھ ملا کر سخت احتجاجی لائحہ عمل اختیار کرے گی، جس کی تمام تر ذمہ داری متعلقہ حکام پر عائد ہوگی۔

## قلات، بجلی کی طویل لوڈشیڈنگ، معمولات زندگی متاثر

کئی کئی گھنٹے بجلی بند رہنے سے گھریلو صارفین، طلبہ، بزرگ اور بیمار افراد شدید مشکلات سے دوچار ہوگئے

بجلی کی مسلسل بندش کے باعث مساجد اور گھروں میں پانی کی قلت، روزمرہ معمولات اور ضروری امور متاثر ہونے لگے

طویل لوڈشیڈنگ سے کاروباری سرگرمیاں بھی بری طرح متاثر، چھوٹے تاجروں کو مالی نقصان کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے

قلات (آن لائن) قلات میں بجلی کی طویل وغیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ، شہریوں کی مشکلات بڑھ گئیں، قلات سٹی فیڈرز واپڈا کی جانب سے جاری غیر اعلانیہ اور طویل دورانیے کی لوڈشیڈنگ نے شہریوں کی زندگی اجیرن بنادی ہے کئی کئی گھنٹے بجلی کی بندش کے باعث گھریلو صارفین، طلبہ، بیمار افراد، بزرگ شہری اور کاروباری طبقہ شدید مشکلات کا شکار ہیں شہریوں کا کہنا ہے کہ بجلی کی بار بار بندش سے روزمرہ معمولات بری طرح متاثر ہورہے ہیں۔ مساجد وگھروں میں پانی کی قلت پیدا ہوگئی ہے ایک طرف مساجد وگھروں میں پانی فراہمی، برقی آلات کا استعمال اور کاروباری سرگرمیاں بھی متاثر ہورہی ہیں، دوسری جانب کاروبار بھی شدید متاثر ہوکر رہ گئی ہے مقامی تاجروں کے مطابق مسلسل طویل لوڈشیڈنگ سے کاروبار متاثر ہورہا ہے اور چھوٹے کاروباری افراد کو مالی نقصان اٹھانا پڑ رہا ہے شہریوں نے واپڈا اور متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ طویل وغیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کا فوری نوٹس لیا جائے، بجلی کی فراہمی کو بہتر بنایا جائے اور بلاجواز طویل بجلی بندش سے نجات دلائی جائے۔

## ملازمین کے مسائل بڑھ رہے ہیں، پرامن احتجاج کا حق دیا جائے، بلوچستان لیبر فیڈریشن

بلوچستان حکومت کو پرامن احتجاج کیلئے دو مرتبہ تحریری طور پر آگاہ کیا، نہ مسائل حل ہوئے نہ پرامن احتجاج کی اجازت ملی

بی ڈی اے جیسے فعال ترقیاتی ادارے کو ختم کیا جارہا ہے، ادارے کے سینکڑوں خاندان چار ماہ سے تنخواہوں سے محروم ہیں

ایڈمنسٹریٹر کوئٹہ میٹروپولیٹن کارپوریشن بلوچستان کے لیبر قوانین کو نہیں مانتے، وزیر اعلیٰ مسائل حل نہ ہونے کا نوٹس لیں، ترجمان

کوئٹہ (پ ر) بلوچستان لیبر فیڈریشن کے ترجمان نے حکومت بلوچستان کی جانب سے ملازمین کے جائز مسائل کے حل میں مسلسل تاخیر اور ملازمین کو اپنے حقوق کے لیے پرامن احتجاج سے روکنے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ حکومت کا یہ طرز عمل ناقابل قبول ہے۔ ملازمین کے دیرینہ مسائل، تنخواہوں، سروس کے معاملات، مزدور مسائل اور دیگر جائز مطالبات کو بارہا حکومتی حکام کے سامنے پیش کیا گیا، لیکن ان مسائل کے حل کے لیے موثر اور عملی اقدامات نہیں کیے گئے۔ ترجمان نے کہا کہ بی ڈی اے کو ختم تو کیا جارہا ہے آج ملازمین ومزدور چار ماہ سے تنخواہوں سے محروم ہیں، کوئٹہ میٹروپولیٹن کارپوریشن میں ٹھیکیداری کے نام پر کروڑوں روپے صرف صفائی کے نام پر ضائع کیئے جارہے ہیں دوسری جانب ایڈمنسٹریٹر بلوچستان کے لیبر قوانین کو تسلیم کرنے سے انکاری ہیں۔ بلوچستان انڈسٹریل ریلیشن ایکٹ کے تحت ادارے کی لیبر یونین سے زبردستی دفتر خالی کرایا گیا، اقلیتی ملازمین اور شعبہ صفائی کے مزدوروں کی کوئی سننے والا نہیں، مزدور یونین کی آواز دبانے کیلئے یونین کا دفتر خالی کرایا گیا جو ان فیئر لیبر پریکٹس کے زمرے میں آتا ہے، دوسری جانب ملازمین کو اپنے جائز مطالبات کے حق میں پرامن احتجاج سے روکنا ان کے بنیادی وقانونی حقوق کی خلاف ورزی کے مترادف ہے۔

# Water scarcity

Water scarcity has become a serious issue worldwide. However, the developed countries have taken this issue seriously before it becomes a disaster. They are not only constructing dams, installing desalination plants but also creating awareness amongst masses about proper consumption of water. But sadly, developing countries like Pakistan are not paying heed to this critical issue. Therefore, they are facing the brunt of shortage of water that is not only affecting their economies but also causing mass migration.

Balochistan, the largest province of the country in terms of landmass but smallest in population wise, is facing a serious shortage of water. Almost the entire province gets drinking water through tub- wells except some areas where water is supplied through channels, kareezes and rivers.

Provincial capital Quetta, is under the grip of acute shortage of water and masses are compelled to take streets and protest.

The population of Quetta city is exceeding 2.5 million and the main source of provision of water to the residents is ground water, which is depleting very fast owing to excessive pumping. However, if the tube- wells installed throughout the city owned by WASA are properly utilized the shortage of water could be addressed to a great extent. Besides provision of water by WASA, a huge population of Quetta is compelled to buy water from tankers. Interestingly there is no check and balance upon tankers' business. Owing to this, the tanker mafia has become so strong that it raises the rate of tankers according to their own will. Besides, tanker mafia and some officials of WASA are always blamed for allegedly creating artificial water shortage in the city. In such situations, masses are compelled to buy water tanks from Rs 2500 to 3000.

In order to address the water crisis of Quetta in the long run, the government must timely complete the construction of Mangni Dam, Burj Aziz Dam, Halk Dam and Babar Kach Dam which are included in the federal PSDP.

The dysfunctional tube-wells of WASA should be repaired at the earliest and a proper mechanism is evolved in supplying water to the residents.

The government should enforce a ban of using drinking water for car washing and construction workers immediately, make functional sewerage water treatment plants and provide water to car washing centers and for construction work at affordable prices.

If timely steps are not taken in curbing water shortage, the Quetta city would soon change into a deserted area, and masses would be having no other option but to migrate.

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامه
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Express Quetta

Bullet No. 6

Dated: 02 OCT 2026 Page No. 2

# Space Sciences Needs Balochistan Youth

From October 4th to 10th, the world celebrates World Space Week. The Space and Upper Atmosphere Research Commission (SUPARCO) is organizing events across the country under the theme "Rocket Revolution". There will be contests, workshops, and webinars. Students in Islamabad, Karachi, and Lahore will get to design rockets, take photos of the night sky, and hear from experts about space missions. But what about Quetta? What about Balochistan? The Question need Answer. Here is a simple question. Is there any institute in Balochistan that offers a proper education in space sciences? The answer, unfortunately, is no. The only dedicated space science university in Pakistan is the Institute of Space Technology in Islamabad. It was founded in 2002 and offers degrees in space science, aerospace engineering, and remote sensing. It has powerful telescopes and observatories. Balochistan has none of this. The question remains, why not?

Why this gap exists? The money that is allocated for education mostly goes to salaries, not to new facilities or specialized programs. When the basics are missing, space science feels like a luxury. But it is not a luxury. It is a necessity. There is another problem. The curriculum in Balochistan is disconnected from the realities of the province. Children learn in Urdu or English from day one, even though most speak Balochi, Pashto, or Brahui at home. The content they study has little to do with their lives. It is no wonder that many lose interest and drop out. The result is a system that does not inspire curiosity. It does not encourage dreaming, and space science, more than anything, is about dreaming. There is no space science department in any university in the province. There is no planetarium. There is no observatory. There is no mentor who can guide them. A planetarium is not just a building with a dome. It is a gateway. It is a place where a child from Sibi or Chaman can sit under a simulated night sky and see the rings of Saturn. It is a place where a teenager can learn how rockets work. It is a place where a teacher can bring a class and say, Look up. There is a whole universe waiting for you.

Private sector and international donors should take notice. There is a hunger for knowledge in Balochistan. There is a willing workforce. What is missing is opportunity. A planetarium is a cheap investment compared to its potential returns. World Space Week is a celebration of human curiosity. It is a reminder that we are all passengers on a small planet, orbiting a small star, in a vast and mysterious universe. That feeling of awe should not be limited to a few cities. A young girl in Quetta has as much right to dream of becoming an astronomer as a young boy in Islamabad , Lahore or Karachi. The stars do not care about borders or budgets. They shine on everyone equally. It is time our institutions did the same.

CamScanner